## سوال

(563) عمرے کے دوران ایام حیض شروع ہونا

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ایک عورت عمرے کے لیے آئی مگر ایام شروع ہوگئے، اور اس کا محرم فی الفور واپسی کے لیے مجبور ہے، اور عورت کے لیے مکہ میں رکنا ممکن نہیں، کیونکہ یہاں اس کا کوئی عزیز نہیں ہے، تو یہ کیا کرے؟

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

اگر یہ عورت مملکت عربیہ سعودیہ کی شہری ہے تو اسے چاہئے کہ بحالت احرام اپنے گھر چلی جائے، اور حالت احرام ہی میں رہے، پھر پاک ہونے کے بعد دوبارہ آئے اور عمرہ مکمل کرے۔ کیونکہ اسے دوبارہ آنے میں کوئی دشواری نہیں ہے کہ اسے کسی قسم کے پاسپورٹ ویزہ وغیرہ لینے کی ضرورت ہو۔

لیکن اگر یہ غیر ملک سے آئی ہو اور واپس آنا مشکل ہو تو اس کے لیے یہ ہے کہ خوب حفاظت سے لنگوٹ باندھے، بیت اللہ کا طواف اور صفا مروہ کی سعی کرلے اور بعد میں اپنے بال کاٹ کر اپنا عمرہ مکمل کرلے۔ یہ صرف اس لیے ہے کہ یہ طواف اس حالت میں اس کی ایک اشد ضرورت ہے اور اہم ضرورت کے تحت بعض ممنوعات حلال ہوجایا کرتے ہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

**صفحہ نمبر 403**